پاکستان پر حملوں کی منصوبہ بندی میں افغان طالبان کے ملوث ہونے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی

افغانستان میں حافظ گل بہادر گروپ کے دہشتگردوں کو تحریک طالبان افغانستان کا کمانڈر تیکنیکی ہدایات دے رہا ہے، ویڈیو میں خودکش بمبار کو بھی واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے

پاکستان میں داخلے کیلئے تیار تشکیل کو ضابطہ سمجھانے اور زخمیوں کو پیچھے نہ چھوڑنے کی ہدایات بھی دی جارہی ہیں جبکہ دہشتگرد پاکستان کیخلاف لڑنے پر رضامندی کا اظہار کررہے ہیں

☆☆☆ اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا منفرد اخبار ☆☆☆

Daily **Qavi Akhbar** Islamabad

ABC Certified

Email:Dailyqaviakhbar@gmail.com / asadch143@gmail.com

روزنامہ

قومی اخبار

اسلام آباد

ایڈیٹر : اسد محمود چوہدری

جلد نمبر: 3 | پیر 25 مارچ 14 رمضان المبارک 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر: 291

اسلامی ترقیاتی بینک اور پاکستان کے درمیان 20 کروڑ ڈالر قرض کا معاہدہ طے پا گیا

وزیراعظم نے ای سی سی کی دوبارہ تشکیل نو کردی، وزیرخزانہ چیئرمین ہونگے

وزیراقتصادی امور، وزیرتجارت، وزیر پاور، وزیر پیٹرولیم اور وزیر پلاننگ ای سی سی کے رکن ہوں گے

6 بڑے شہروں میں دکانداروں پر ایڈوانس انکم ٹیکس عائد، نوٹیفکیشن جاری

ایف بی آر نے اسکیم، ہولڈرز کو اسکیم سے متعلق تجاویز اور تحفظات کے اظہار کیلئے سات یوم کا وقت دیدیا

وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں آئی ایم ایف سے معاہدے کا جائزہ لیا گیا

سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کا عرصہ دراز سے بند حدیبیہ پیپرمل کا دورہ

نوازشریف حدیبیہ پیپرملز کا دورہ کرکے اپنی رمضان شوگرمل پہنچے اور وہاں کے بھی مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا

وزیراعظم شہبازشریف کی زیرِصدارت ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے اجلاس لاہور میں منعقد ہوا، بیرک گولڈ کمپنی کے وفد کی چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو کی سربراہی میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

ریکوڈک سے بندرگاہ تک سیکیورٹی یقینی بنائی جائیگی: وزیراعظم

نوکنڈی سے ماشخیل تک 103 کلومیٹر سڑک کی تعمیر کا کام 58 فیصد تک مکمل ہو چکا، ریکوڈک منصوبے کی فزیبلٹی دسمبر 2024 تک مکمل کرلی جائیگی، ریکوڈک سے ہر مہینے 6 ہزار کنٹینرز بندرگاہ تک جائیں گے، بریفنگ

بلوچستان میں معدنیات سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے مواصلات کے انفرا اسٹرکچر، خصوصاً ریلوے لائین کے حوالے سے منصوبہ سازی کی جائے گی، وزیراعظم میاں شہبازشریف کا اجلاس سے خطاب

لاہور، وزیراعظم میاں شہبازشریف ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری پاکستان ایئرفورس کے افسران کو اعزازات سے نواز رہے ہیں

ڈیڑھ سال مشکل ہے پھر مہنگائی کم ہو جائیگی: رانا تنویر حسین

رمضان کے بعد وزیراعظم سے بات کروں گا سبسڈی بڑھا کر وافر مقدار میں لوگوں تک یہ سہولت فراہم کی جائے، ریلیف فراہمی کیلئے کوشاں ہیں

رمضان نگہبان پیکج میں 19 اشیاء دی جارہی ہیں، مہنگائی کا سلسلہ ابھی چل رہا ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز پر کم قیمت پر اچھی کوالٹی کی اشیاء فراہم کی جارہی ہیں

پنجاب میں مریم نواز نے رمضان نگہبان پیکج شروع کیا، وزیراعظم نے رمضان ریلیف پیکج بڑھا کر ساڑھے 12 ارب روپے کردیا، وفاقی وزیر

یہاں پارلیمنٹ کا نظام ہی چلے گا ورنہ نہیں چلے گا، مولانا فضل الرحمٰن

یہی ہمارا آج بھی اختلاف رائے ہے کہ فیصلے عوام کو کرنے ہیں

مسلم لیگ (ن) کے پاس انتخابات میں کوئی بیانیہ نہیں تھا، مفتاح اسماعیل

مریم نواز انکل کو نکالتی اس سے پہلے شاہد خاقان نے پارٹی چھوڑ دی

رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف حکومت کا ٹیسٹ کیس ہوگا، فیصل واوڈا

اس بندر بانٹ میں آپ مزید جمہوری جنازے دیکھ رہے ہیں

ایم کیو ایم جیسی مسترد شدہ پارٹی کو کراچی کے عوام پر مسلط کیا گیا، حافظ نعیم



اس وقت ملک میں 200 فیصد جعلی مینڈیٹ والے مسلط ہیں

عوامی مینڈیٹ چوری کرنیوالے جلد گھروں کو لوٹ جائیں گے، سراج الحق

جہاں قرآن کے مخالف سودی نظام ہو، وہ ملک ترقی نہیں کرسکتا، امیر جماعت اسلامی پاکستان

غلام نبی میمن کو دوسری بار آئی جی سندھ تعینات کردیا گیا

نیب سے اعظم سواتی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب کرلی

سعودی عرب میں بنگلا دیشی کو قتل کرنے پر 5 پاکستانیوں کے سرقلم کردیے گئے

پرویز الٰہی کیساتھ جیل میں حکومت کا رویہ تشویشناک ہے، بیرسٹر ڈاکٹر سیف

ہم یہ تسلی کرنا چاہتے ہیں کہ وہ گر کر زخمی ہوئے ہیں یا ان پر تشدد کیا گیا ہے، مشیر اطلاعات

صحافت کی دنیا میں نیا نام ...... قومی نیوز اور روزنامہ قومی اخبار

روزنامہ قومی اخبار راولپنڈی اسلام آباد عوام کی آواز

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کیلئے 5 سالہ شراکت داری کا منصوبہ تیار

پاکستان ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں پراجیکٹ فنانسنگ سب سے زیادہ ہوگی، موسمیاتی تبدیلی کی حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کیا جارہا ہے

آئندہ 5 برسوں میں موسمیاتی پورٹ فولیو (موسمیاتی تبدیلی کے اثرات میں کمی کے اقدامات) میں اضافے کی بنیاد رکھے گی، یوگینی زوکوف

KPK حکومت کا دہشتگردوں کے مالی سہولت کاروں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

حکومت نے دہشتگردوں کی مالی معاونت کرنیوالوں کیخلاف گھیرا تنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے لیے سی ٹی ڈی کے وسائل میں اضافہ کردیا گیا

ٹیرر فنانسنگ سیل صوبے میں بھتہ خوری، دہشت گردوں کو جاری رقوم کی سپلائی لائن اور افغان سم سے آنے والی کالز پر کام کرے گا، حکام

طورخم پر ایف سی اور ایف آئی اے اہلکاروں میں جھگڑا، سرحد کی عارضی بندش

حکام کے مطابق امیگریشن سیکشن میں ایف سی عملہ کی مسلسل مداخلت اختیارات سے تجاوز ہے

مینڈیٹ کے بغیر والا چور بیٹھا ہوتو احتجاج سب کا حق ہے، اسد قیصر

اسٹیٹ بینک کا عیدالفطر پر نئے کرنسی نوٹ جاری نہ کرنے کا فیصلہ

شہریوں نے نئے نوٹوں کے حصول کیلئے پرائیویٹ بینکوں کے چکر لگانا شروع کردیے

ہماری جیتی ہوئی سیٹوں کا مینڈیٹ واپس کیا جائے، عامر ڈوگر

ڈی سی اسلام آباد کا پاکستان تحریک انصاف کو جلسے کی اجازت دینے سے انکار

پاکستان تحریک انصاف نے پہلے بھی این او سی کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد

مردان، مشیرِ اعلیٰ خیبرپختونخوا مشال اعظم یوسفزئی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پناہ گاہ کا معائنہ کررہی ہیں

سوئی ناردرن نے پنجاب کیلئے گیس کی قیمت میں بڑا اضافہ مانگ لیا

اوگرا کے مطابق سوئی ناردرن گیس کمپنی نے 4489 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو قیمت تجویز کی ہے، آئی ایم ایف کے مطالبے پر یکم جولائی سے ہر صورت گیس قیمت بڑھانے کا فیصلہ ہوچکا ہے

گیس قیمت بڑھنے سے بلوں میں اوسطاً 155 فی صد تک اضافہ ہوگا، اس سے پہلے ایک سال میں 500 فی صد تک اضافہ ہوچکا لیکن اس کے باوجود کمپنی اپنا خسارہ کم نہیں کرپائی

راولپنڈی، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق انسٹی ٹیوٹ آف یورالوجی کے دورے کے موقع پر مریض سے گفتگو کررہے ہیں

پاکستان ریلوے کی ملکیتی 10 ہزار ایکڑ زمین پر غیرقانونی قبضے کا انکشاف

صوبائی حکومتیں جن کو ریاستی اراضی کی محافظ سمجھا جاتا ہے قبضے ختم کروانے میں مدد نہیں کررہی ہیں

سلامتی کونسل میں غزہ جنگ بندی کی نئی قرارداد پر رائے شماری آج ہوگی

روس اور چین نے غزہ پر امریکا کی متنازع قرارداد کو ویٹو کردیا تھا جس کے بعد نیا مسودہ پیش کیا جا رہا ہے

ترکیہ کی مسجد میں ورزش اور فٹنس کی کلاسوں کا آغاز، نمازیوں کی شرکت

نفرت انگیز، فرقہ وارانہ مواد کی تشہیر پر 14 سال قید، 5 کروڑ تک جرمانہ ہوگا

نیوزی لینڈ نے مغربی ممالک کی طرح حماس کو کلی طور پر دہشتگرد قرار دیدیا

7 اکتوبر کو اسرائیل پر حملے کے بعد حماس کے سیاسی اور عسکری بازو الگ الگ ہونے کا تصور ختم ہوگیا، نیوزی لینڈ

ایف بی آر نے 5 ماہ کیلئے محصولات کا ہدف کامیابی سے حاصل کرلیا

فروری میں ایف بی آر کے محصولات میں ماہانہ بنیادوں پر 38 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی

لاہور، وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ سحری سے قبل شہر کے مختلف فوڈ پوائنٹس چیک کررہے ہیں

بنگلا دیش کے ریسٹورنٹ میں آتشزدگی سے 43 افراد ہلاک ہوگئے

ایکسپورٹ فیسلیٹیشن اسکیم میں فراڈ، 358 ملین کی ٹیکس چوری پر مقدمہ درج

امریکی سینیٹ نے 1.2 کھرب ڈالر کا حکومتی اخراجات کا بل منظور کرلیا

حکومتی اداروں کے شٹ ڈاؤن کا خطرہ ٹل گیا، سینیٹ سے منظوری کے بعد صدر نے دستخط کردیے

لاہور میں لیگی ایم پی اے کی گاڑی کو روکنے پر انسپکٹر کا تبادلہ کردیا گیا

درآمدات میں کمی کے باعث 800 ارب کے ریونیو شارٹ فال کا خطرہ

ایف بی آر میں ریونیو اسٹریٹجی کے حوالے سے اہم اجلاس، فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ممکنہ شارٹ فال کے تناظر میں ریونیو اسٹریٹجی تیار کرنا شروع کردی

رواں مالی سال 24-2023 کیلئے 9415 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا ہدف مقرر کرتے وقت درآمدات میں نمو کا تخمینہ 32 فیصد لگایا گیا تھا

قبائلی عمائدین کی ناراض بلوچوں کو ہتھیار پھینک کر بات چیت کی دعوت

مسلح جدوجہد کرنیوالوں سے اپیل ہے اسلحہ پھینک کر قومی دھارے میں شامل ہوں اور قوم کی خدمت کریں اس کے بغیر بحالی کا راستہ نہیں ہے

کئی سال تک مسلح جدوجہد کی مگر اس کا نتیجہ یہ پہنچا ہوں کہ بلوچستان کے مسائل کا حل سیاسی بات چیت کے ذریعے ہی ہے، جرگے سے عمائدین کا خطاب

Editorial ادارتی صفحہ



قائدِ اعظم محمد علی جناح

اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوش حال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ لوگوں بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔

حکومت عیاشی میں اور عوام آئی ایم ایف کے رحم و کرم پر

وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اس سال 30 کروڑ ڈالر کے پانڈا بانڈز جاری کرے گا۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پہلی بار چینی مارکیٹوں میں بانڈز فروخت کرے گا، ابتدائی طور پر 25 سے 30 کروڑ ڈالر کے درمیان بانڈز فروخت کیے جائیں گے۔

آسٹریا

تحریر: ڈاکٹر ساجد خاکوانی

امریکہ کے فیصلوں پر حکومتوں کے فیصلے

تحریر: ایم سرور صدیقی

دہشتگردی کے بڑھتے واقعات اور ملکی معیشت

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

SHOWBIZ شوبز

ضروری نہیں سوشل میڈیا کو لوگوں کی پگڑیاں اچھالنے کیلئے استعمال کیا جائے: متیرا

دوسروں کی نجی زندگی میں مداخلت اور خامیاں نکالنا فیشن بن گیا ہے' انٹرویو میں گفتگو

یہ بات سو فیصد درست ہے کہ جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں، صنم سعید

محبت اور احترام کے باہمی تعلق سے ہی میاں بیوی کے رشتے کو مزید مضبوط کیا جاسکتا ہے



پاکستان کو بہت یاد کررہی ہوں، اریج فاطمہ

ممکن ہے پریانکا چوپڑا میری دور کی رشتہ دار ہوں، زالے سرحدی

مجھے میڈیا میں آنے کا زیادہ کوئی شوق نہیں تھا، صبور علی

ملک میں بیہودہ میوزک شروع کرنے اور اربوں کمانے والے کو مذہب یاد آگیا، جواد احمد

سارہ نے میوزک ویڈیو میں کام کرنے کیلئے مجھ سے زیادہ پیسے لیے، فلک شبیر

اس عمر میں تیزی سے اسکرپٹ کی لائنوں کو یاد نہیں کیا جاسکتا، امیتابھ بچن

خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہوگا، جنت مرزا

آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے، ٹک ٹاکر

سوشل میڈیا کا استعمال ضرورت کے تحت کرتی ہوں، عروہ حسین

سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال بھی ان دنوں لوگوں میں ڈپریشن کی بڑھتی ہوئی شرح کی وجہ ہے

نقشہ اوقاتِ سحر و افطار رمضان 1445 مارچ، اپریل 2024

راولپنڈی اسلام آباد

رمضان	تاریخ	انتہائے سحر	اذان فجر	افطار
یکم رمضان	منگل 12 مارچ	4:59	5:14	6:15
2	بدھ 13 مارچ	4:58	5:13	6:16
3	جمعرات 14 مارچ	4:57	5:11	6:17
4	جمعہ 15 مارچ	4:55	5:10	6:18
5	ہفتہ 16 مارچ	4:54	5:08	6:19
6	اتوار 17 مارچ	4:52	5:07	6:19
7	پیر 18 مارچ	4:51	5:06	6:20
8	منگل 19 مارچ	4:50	5:04	6:21
9	بدھ 20 مارچ	4:48	5:03	6:22
10	جمعرات 21 مارچ	4:47	5:02	6:22
11	جمعہ 22 مارچ	4:45	5:00	6:23
12	ہفتہ 23 مارچ	4:44	4:59	6:24
13	اتوار 24 مارچ	4:42	4:57	6:25
14	پیر 25 مارچ	4:41	4:56	6:25
15	منگل 26 مارچ	4:40	4:54	6:26
16	بدھ 27 مارچ	4:38	4:53	6:27
17	جمعرات 28 مارچ	4:37	4:52	6:28
18	جمعہ 29 مارچ	4:35	4:50	6:28
19	ہفتہ 30 مارچ	4:34	4:49	6:29
20	اتوار 31 مارچ	4:32	4:47	6:30
21	پیر یکم اپریل	4:31	4:46	6:31
22	منگل 2 اپریل	4:29	4:44	6:31
23	بدھ 3 اپریل	4:28	4:43	6:32
24	جمعرات 4 اپریل	4:26	4:41	6:33
25	جمعہ 5 اپریل	4:25	4:40	6:34
26	ہفتہ 6 اپریل	4:23	4:38	6:34
27	اتوار 7 اپریل	4:22	4:37	6:35
28	پیر 8 اپریل	4:20	4:36	6:36
29	منگل 9 اپریل	4:19	4:34	6:37
30	بدھ 10 اپریل	4:17	4:33	6:37

پہلا عشرہ رحمت کا

یکم رمضان سے دس رمضان المبارک

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ

اے میرے رب مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے

دوسرا عشرہ مغفرت کا

گیارہ رمضان سے بیس رمضان المبارک

أَسْتَغْفِرُ اللَّهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

تیسرا عشرہ نجات کا

اکیس رمضان سے تیس رمضان المبارک

اللَّهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا

اے اللہ بیشک تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس ہمیں معاف فرما

روزہ رکھنے کی دعا: وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

روزہ افطار کی دعا: اَللّٰهُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

Page 3 بقیہ جات

بقیہ 1 منظر عام پر · بقیہ 2 ای سی سی · بقیہ 3 معاہدہ طے · بقیہ 4 جاری · بقیہ 5 اجلاس · بقیہ 6 دورہ · بقیہ 7 وزیراعظم · بقیہ 8 رانا تنویر حسین · بقیہ 9 مولانا فضل الرحمٰن · بقیہ 10 مفتاح اسماعیل · بقیہ 11 فیصل واوڈا · بقیہ 12 حافظ نعیم · بقیہ 13 بیرسٹر ڈاکٹر سیف · بقیہ 14 سرقلم · بقیہ 15 فیصلہ · بقیہ 16 انکار · بقیہ 17 عامر ڈوگر · بقیہ 18 گیس اضافہ · بقیہ 19 شرکت · بقیہ 20 جرمانہ · بقیہ 21 انکشاف · بقیہ 22 آج · بقیہ 23 آغاز · بقیہ 24 طلب · بقیہ 25 فیصلہ · بقیہ 26 دہشتگرد قرار · بقیہ 27 حاصل · بقیہ 28 تعینات · بقیہ 29 سراج الحق · بقیہ 30 منصوبہ تیار · بقیہ 31 اسد قیصر · بقیہ 32 بندش · بقیہ 33 منظور · بقیہ 34 تبادلہ · بقیہ 35 ہلاک · بقیہ 36 مقدمہ درج · بقیہ 37 دعوت · بقیہ 38 قتل · بقیہ 39 کارروائیاں · بقیہ 40 کارروائیاں · بقیہ 41 گرفتار · بقیہ 42 جمشید اختر شیخ · بقیہ 43 انجم عقیل خان · بقیہ 44 قاسم ستی · بقیہ 45 سردار طاہر · بقیہ 46 سعیدہ مشتاق · بقیہ 47 جاں بحق · بقیہ 48 زخمی کردیا · بقیہ 49 جالیے · بقیہ 50 بجلی بند · بقیہ 51 چوہدری جعفر اقبال · بقیہ 52 سلسلہ جاری · بقیہ 53 سید غلام رضا · بقیہ 54 گرفتار · بقیہ 55 انعقاد · بقیہ 56 رہیں · بقیہ 57 وفاقی پولیس

گوجرخان، بیوپاری کو چلتی گاڑی کیساتھ باندھ کر سڑک پر گھسیٹنے کا واقعہ، 2 ملزمان گرفتار

گوجرخان کے علاقے میں مسلح ڈاکو پولٹری کے بیوپاری کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے نقدی چھیننے کے بعد گاڑی کیساتھ باندھ کر سڑک پر گھسیٹتے رہے

واقعے کی فوٹیج بھی سامنے آگئی جس میں بیوپاری کو گاڑی کیساتھ سڑک پر گھسیٹتے دیکھا جاسکتا ہے، پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹی ننس آج بجلی بند رہے گی

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے، گردونواح کی بجلی بند رہے گی

وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے

راولپنڈی، جائیداد کے تنازع پر 2 بہنوں نے فائرنگ کرکے چچازاد بھائی کو قتل کردیا

پولیس نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی، مدعی مقدمہ کے مطابق واقعے کی وجہ باہمی رشتوں کی رنجش اور جائیداد کے تنازعات ہیں

ریحانہ نے پی لجپال حسین شاہ پر پسٹل سے پے در پے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں گولیاں لگنے سے بھائی لجپال شاہ موقع پر ہی دم توڑ گیا، مدعی

کراچی، یوتھ فورم فار کشمیر کراچی کے زیراہتمام افطار پارٹی کا انعقاد

اقوام متحدہ آر پار کشمیریوں کی آزادی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر فیصلہ کن کردار ادا کرے، شرکاء

ن لیگ عوامی امنگوں کی ترجمان جماعت ہے، چوہدری جعفر اقبال

حکومت مہنگائی، بے روزگاری کا خاتمہ کرنے کے لئے پختہ عزم رکھتی ہے، سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

IMF سے نیا طویل المدتی قرضہ لینا انتہائی ضروری ہے، جمشید اختر شیخ

اس کے ساتھ معاشی اصلاحات انتہائی اہم ہیں تاکہ ہم اپنے پیروں پر کھڑے ہوسکیں، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائیاں جاری

بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے کا فیصلہ

گھر گھر جاکر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کا سلسلہ جاری

تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کی حدود میں 1332 گھروں کے 508 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا

مری، طارق عباسی بقضائے الٰہی وفات پاگئے، نماز جنازہ ادا کردی گئی

مذہبی، سیاسی اور سماجی اور کاروباری شخصیات اور سیاسی و صحافتی حضرات اور لواحقین اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد میں شرکت

خود کو نیب کے اعلیٰ حکام ظاہر کرکے دھوکہ دینے والوں سے عوام ہوشیار رہیں

سرکل گوجرخان پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کارروائیاں

منشیات فروش معاشرے کے ناسور ہیں، فلائٹ لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) حافظ کامران اصغر

وفاقی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، 10 گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، مقدمات درج

اسلام آباد، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس کی موثر کارروائی، 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 04 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیے گئے

سوئی ناردرن کا ملک بھر میں گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن، مختلف شہروں میں چھاپے مارے گئے

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 55 گیس کنکشن منقطع، اور 13 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے

سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے، گیس چوری کیخلاف ملک گیر کارروائیاں جاری

ضلعی انتظامیہ مہنگائی کنٹرول کرنے میں ناکام ہوگئی ہے، سید غلام رضا

گوشت دودھ سبزیاں روٹی مہنگی فروخت کی جارہی ہیں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، رہنما کیو ڈبلیو پی

ازلی دشمن کو اینٹی پاکستان اور سی پیک سے پریشانی ہے، انجم عقیل خان

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جائے، رکن قومی اسمبلی

تھانہ کرپا پولیس کے ہومی سائیڈ یونٹ نے 10 دنوں میں اندھے قتل کو ٹریس کرلیا

ملزم مقتولہ کا حقیقی بھانجا تھا بقول ملزم کے میری مامی کے کیبل آپریٹر سے تعلقات تھے تعلقات منقطع نہ کرنے پر مامی کو قتل کیا

ملزم نے اعتراف جرم کرلیا آلہ قتل برآمد 24-03-12 کو تھانہ کرپا پولیس کو اتفاق ٹاؤن سے ایک خاتون کی ڈیڈ باڈی ملی تھی جس کی شناخت عاصمہ کے نام سے ہوئی تھی

تھانہ کرپا پولیس کے ایس ایچ او اور ہومی سائیڈ یونٹ کے انچارج سب انسپکٹر میاں عمران نے اندھے قتل کو ٹریس کرکے ملزمان کو گرفتار کیا

کرپا پولیس کی تفتیش نے مدعی مقدمہ کو بھی پریشان کردیا کہ قاتل ان کا حقیقی بھانجا نکلا، بہترین کارکردگی پر افسران نے ہومی سائیڈ یونٹ کی ٹیم کو شاباش

ن لیگی قیادت ہمیشہ عوامی فلاحی منصوبوں کے خلاف رہی، قاسم ستی

پی ٹی آئی نے اپنی 3 سالہ دور حکومت میں نہ صرف تمام علاقوں کی مساوی تعمیر و ترقی کے لیے ایک بہترین لائحہ عمل دیا

وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کے اجلاس، صوبے میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

دھاتی ڈور بنانے، بیچنے اور خریدنے پر کریک ڈاؤن کا حکم، اسلحہ کی سرعام نمائش روکنے کے لئے قانون پر عملدرآمد کیلئے فوری اقدامات کا حکم، آئی جی پنجاب نے امن وامان کے بارے میں بریفنگ دی

پنجاب میں کئی بھی نوگو ایریا بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، قانون پر عملدرآمد کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

سدباب کے لئے قانون موجود ہے لیکن پھر بھی لوگ جان سے جا رہے ہیں، قانون پر عملدرآمد کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، کیس رجسٹرڈ کرنا ہی کافی نہیں، ملزم کو سزا ہونی چاہیے، اس کے علاوہ زیادتی کے واقعات میں کمی کے لئے خصوصی اقدامات کیے جائیں، ریپ کیسز میں ملزم کو سزا دے کر نشان عبرت بنایا جائے، بچوں، ملازمین اور گھریلو تشدد کے واقعات نہ رکنا افسوسناک امر ہے۔

لاہور (قومی اخبار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دھاتی تار بنانے، بیچنے اور خریدنے پر کریک ڈاؤن کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کے اجلاس میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا، آئی جی پولیس نے امن وامان کے بارے میں بریفنگ دی، وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے جرائم کی روک تھام کے لئے ڈیلی رپورٹ طلب کرلی اور پولیس افسروں کی کارکردگی کا تجزیہ کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے دھاتی تار کے بارے میں زیرو ٹالرنس کی پالیسی اپنانے کا حکم دیا، وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے اسلحہ کی سرعام نمائش روکنے کے لئے قانون پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کا حکم دیا، اجلاس میں منشیات کی ترسیل روکنے کے لئے فول پروف میکنزم تیار کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ہدایت کی کہ بڑے منشیات فروشوں کے خلاف ناقابل تردید ثبوت کے ساتھ کیس بنائے جائیں اور تعلیمی اداروں میں منشیات کی آن لائن ترسیل روکنے کا قانونی میکنزم وضع کرنے کی ضرورت کا جائزہ لیا جائے۔ پنجاب میں کہیں بھی نوگو ایریا بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے پتنگ بازی کے بے در پے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ پتنگ کے دھاتی تار سے جاں بحق بچے کی ویڈیو دیکھ کر دل کانپ گیا، معصوم بچے کی جان جانے سے والدین کی تو دنیا ہی تباہ ہوگی، پتنگ بازی کے لئے قانون موجود ہے۔ بتایا گیا ہے کہ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، سابق سینیٹر پرویز رشید، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، معاون خصوصی ذیشان ملک، ایم پی اے ثانیہ عاشق، چیف سیکرٹری، آئی جی، سی سی پی او، ایڈووکیٹ جنرل، کمشنر اور ڈپٹی کمشنر بھی اجلاس میں موجود تھے جب کہ صوبائی سیکرٹری داخلہ، تمام کمشنرز، آر پی او ز، ڈپٹی کمشنرز، ڈی پی او ز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

جمہوری روایات میں انتہاپسندی کی کوئی گنجائش نہیں، سعیدہ مشتاق

ڈائیلاگ کے ذریعے جمہوریت میں آنے والا ملک ڈائیلاگ سے ہی آگے بڑھے گا، رہنما ن لیگ

تعمیراتی صنعت معیشت بحالی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، سردار طاہر

آمدہ بجٹ اور حکومتی آئی ایم ایف ڈیل کے حوالے سے فیڈریشن آف ریلٹرز کے اجلاس کا انعقاد

ہل ڈھولو کے نوجوان اسد عباسی حرکت قلب بند ہونے سے خالق حقیقی سے جاملے

معمولی تلخ کلامی پر باپ بیٹے نے چاقو سے وار کر کے شہری کو زخمی کردیا

زخمی اصغر کی حالت انتہائی تشویش ناک بتائی جارہی ہے مقدمہ درج، ملزمان فرار ہوگئے

گوجرخان کیری ڈبہ ڈرائیور نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی ہونے کے بعد جاں بحق ہوگیا

لاہور، وزیراعظم میاں شہبازشریف سے سابق گورنر پنجاب شاہد حامد ملاقات کررہے ہیں

پبلشر معین الدین نے روحانی پریس محمدی ٹاؤن سوہان ایکسپریس وے اسلام آباد سے چھپوا کر ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد سے شائع کیا

چیف ایڈیٹر: معین الدین چوہدری

ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری

ہیڈ آفس: ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد

رابطہ نمبر: 051-2241980 / 2617439 0333-5750379